**فیڈرل کورٹ آف آسٹریلیا**

**پناہ کے متلاشی لوگوں کی غیرقانونی نظربندی کا کلاس ایکشن**

***DBE17 (بذریعہ اس کے قانونی ولی Marie Theresa Arthur) بنام کامن ویلتھ آف آسٹریلیا***

**(VID1392 آف 2019)**

**توجہ:**

آپ کو یہ نوٹس احتیاط کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔

یہ نوٹس ایک اہم عدالتی کیس کے بارے میں ہے جس کے بارے میں ہم نے آپ کو پچھلے سال آگاہ کیا تھا۔ یہ کیس ان لوگوں کے لیے شروع کیا گیا تھا جنہیں آسٹریلیا میں 27 اگست 2011 اور 25 فروری 2020 کے درمیان دو سے زائد ورکنگ دنوں کے لیے نظربند کیا گیا تھا۔ آپ کو پچھلے سال نوٹس موصول ہوا تھا کیونکہ آپ ان لوگوں میں سے ایک ہو سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ نے اس کیس کے بارے میں ہمیں جواب دیا ہو۔ چاہے آپ نے ایسا نہ بھی کیا ہو، تب بھی یہ نوٹس آپ کو متاثر کر سکتا ہے۔

عدالت نے حکم دیا ہے کہ ہم یہ نوٹس آپ کو بھیجیں کیونکہ یہ اس عدالتی کیس کو ترک کرنے کی تجویز کے بارے میں ہے۔

اگر آپ کے اس نوٹس کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو آپ کو قانونی مشورہ لینا چاہیے۔ آپ کو عدالت سے رابطہ **نہیں** کرنا چاہیے۔

اگر آپ کو انگریزی پڑھنی نہیں آتی ہے تو، یہ نوٹس دیگر زبانوں میں اس ویب سائیٹ پر دستیاب ہے جس کا عنوان ہے "پناہ کے متلاشی لوگوں کی غیرقانونی نظربندی کا کلاس ایکشن" - https://www.mauriceblackburn.com.au/class-actions/current-class-actions/unlawful-detention-of-people-seeking-asylum-class-action/. آپ درج ذیل زبانوں میں اس نوٹس کی نقل Maurice Blackburn Lawyers سے اس نمبر پر رابطہ کرکے حاصل کرسکتے ہیں 956 930 1800یا اس پر ای میل کرکے asylumseekerclassaction@mauriceblackburn.com.au

**1. مجھے یہ کیوں دیا جا رہا ہے؟**

یہ نوٹس اس عدالتی کیس کے بارے میں ایک اہم تازہ ترین پیش رفت ہے جس کے بارے میں ہم نے آپ کو پچھلے سال مطلع کیا تھا جسے ایک شخص جس کا نام "**DBE17**"ہے نے شروع کیا تھا۔ قانونی وجوہات کی بناء پر ہم ان کا نام نہیں بتا سکتے ہیں۔ اس کی عمر 18سال سے کم ہے اس لیے یہ اس کیس کو اس کی جانب سے اس کی مقدمہ کی ولی Marie Theresa Arthur نے شروع کیا تھا۔

یہ کیس فیڈرل کورٹ آف آسٹریلیا میں ہے۔ یہ کامن ویلتھ آف آسٹریلیا کے خلاف ہے ( **"آسٹریلین گورنمنٹ"**).

یہ کیس ایک "اجتماعی کارروائی " کا کیس ہے۔ DBE17 دعوی کرتا ہے کہ اسے اور دیگر لوگوں کو (**"گروپ اراکین"**) جو آسٹریلیا میں امیگریشن نظربندی میں تھے 27 اگست 2011 اور 25 فروری 2020 کے درمیان انہیں آسٹریلین گورنمنٹ نے *غیرقانونی* طور پر نظربند کیا تھا۔ آپ کو یہ نوٹس اس لیے مل رہا کہ آپ غالباً 27 اگست 2011 اور 25 فروری 2020 کے درمیان آسٹریلیا میں امیگریشن نظربندی میں رہے ہوں۔ اس لیے آپ اس کلاس ایکشن میں ایک گروپ ممبر ہوسکتے ہیں جسے DBE17 نے شروع کیا تھا۔

اس عدالتی کیس کے بارے میں ایک "گروپ کے ممکنہ اراکین کو نوٹس'پچھلے سال بھیجا گیا تھا اور چند وصول کنند گان نے اس کیس کے بارے میں Maurice Blackburn سے رابطہ بھی کیا ہے۔ آپ نے چاہیے ایسا نہ کیا ہو، تب بھی یہ نوٹس آپ کے قانونی حقوق کو متاثر کر سکتا ہے۔ اس نوٹس کا مقصد اس کیس کے بارے میں تازہ ترین معلومات مہیا کرنا ہے اور ممکنہ گروپ اراکین کو بتانا ہے کہ ، قانون میں تبدیلی کے باعث، DBE17 یہ تجویز پیش کرتا ہے کہ اس کیس کو مزید نہ چلایا جائے۔

23 جون کو، آسٹریلیا کی ہائی کورٹ نے ایک مختلف کیس میں فیصلہ جاری کیا تھا جس کا عنوان *کامن ویلتھ آف آسٹریلیا بنام AJL20* [2021] HCA 21 ہے۔ ہائی کورٹ آسٹریلیا کی اعلی ترین عدالت ہے اور دیگر عدالتیں قانون کے بارے میں اس کے فیصلے ماننے کی پابند ہیں۔ اگرچہ کہ *AJL20* بالکل اس کیس جیسا نہیں ہے، اس میں چند اہم قانونی نکات پر بات کی گئی جو اس کلاس ایکشن میں آپ کی جانب سے دائر کیے گئے دعووں کی کامبابی کے شدید اہمیت کے حامل ہیں۔ ان قانونی نکات کے بارے میں ہائی کورٹ کی دی گئی وجوہات اور فیصلے نےاس کلاس ایکشن کی کامیابی کے امکانات کو متاثر کی اہے۔ ہائی کورٹ نے جو فیصلہ دیا ہے اس پر غور کرنے کے بعد، DBE17 کے وکلا نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ کہ یہ بات DBE17 کے مفاد میں ہوگی کہ اس کلاس ایکشن کو جاری نہ رکھا جائے۔ اسے "ترک کرنا" کہا جاتا ہے۔

عام طور پر جب کوئی شخص ایک کیس کو موقوف کرتا ہے تو، انہیں دوسرے فریقین کی قانونی قیمت ادا کرنی پڑتی ہے۔ آسٹریلین گورنمنٹ کے ساتھ ایک معاہدہ طے پا گیا ہے، کہ اگر اس ترک کرنے کو منظور کر لیا جا تا ہے تو، وہ DBE17کے خلاف قانونی اخراجات کا دعوی نہیں کرے گی۔

کسی کلاس ایکشن کو ترک کرنے کی منظوری لازماً عدالت سے لینی پڑتی ہے۔ DBE17 عدالت سے کہے گا کہ اس مجوزہ ترک کرنے کو منظور کرلیا جائے۔ اگر اسے منظور کرلیا جاتا ہے ، تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یہ کلاس ایکشن ختم ہوگیا ہے، اور کوئی بھی گروپ کا ممبر زر تلافی وصول نہیں کرپائے گا۔ آپ کے لیے کوئی قابل ادائیگی قانونی اخراجات نہیں ہوں گے۔

**اگر آپ کے پاس آسٹریلین گورنمنٹ کے خلاف غیرقانونی نظربندی کا اپنا دعوی ہے، اور کلاس ایکشن کی وجہ سے وقت کی حد کو کلاس ایکشن کے التواء کے دوران معطل کردیا گیا تھا، تو وہ وقت کی حد تب سے شروع ہوجائے گی جب عدالت اس کلاس ایکش کو ترک کرنے کی منظوری دے دیگی۔**

**اگر آپ آسٹریلین گورنمنٹ کے خلاف اپنا دعوی دائر کرنا چاہتے ہیں ، تو آپ کو فوری طور پر آزادانہ قانونی مشورہ لینا چاہیے۔**

**2. مجے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟**

**آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ اس ترک کرنے کی تجویز کی مخالفت نہیں کرتے ہیں۔**

**اگر آپ خواہش مند ہیں کہ عدالت اس ترک کرنے کو منظور نہ کرے تو، آپ لازماً 9 نومبر 2021 تک:**

**الف. آپ کو**Maurice Blackburn **کو ایک تحریری نوٹس بھیجنا چاہیے , اس پتے پر** the Asylum Seeker Class Action Team, at Level 21, 380 La Trobe Street, Melbourne VIC 3000 **یا** asylumseekerclassaction@mauriceblackburn.com.au **کہ آپ اس تصفیے کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں اور اس کی وجوہات؛ اور**

**ب. عدالت کے پا س تحریری درخواست جمع کروائیں جس میں درج ہو کہ آپ اس ترک کرنے کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں اور اس کی وجوہات دیں کہ ایسا کیوں ہے اور اپنے اعتراض کے حق میں جو ثبوت ہوں انہیں ساتھ لف کریں ; اور**

**ج. خود پیش ہوں (یا آپ کا کوئی نمائندہ آئے) سماعت پر 30 نومبر 2021 جب فیڈرل کورٹ اس بات پر غور کرے گی کہ کیا اس تصفیے کو منظور کرنا چاہیےاور آپ کو یا آ پ کے نمائندے کو اپنے اعتراض کے حق میں زبانی دلائل دینے**

**چاہیں۔ متعلقہ وبا کی پابندیوں کے سلسلے میں وکٹورین چیف ہیلتھ آفیسر کے مشورے پر منحصر ہے کہ سماعت یا تو یہاں پر ہوگی:**

**وکٹوریہ رجسٹری**
**فیڈرل کورٹ آف آسٹریلیا**
Owen Dixon Commonwealth Law Courts Building
William Street **305**
Melbourne VIC 3000

**یا**

آن لائین Microsoft Teams **ویڈیو کانفرنس کے ذریعے۔**

**30 نومبر 2021 کو آپ کو یا آپ کے نمائندے کو یہ بتانے کی پوزیشن میں ہونا چاہیے کہ عدالت کے سامنے وضاحت کرسکیں کہ آپ کے خیال میں اس ترک کرنے کی منظوری نہیں دینی چاہیے۔ آپ کو عدالت کو یہ بتانے کی پوزیشن میں بھی ہونا چاہیےکہ آیا کہ آپ ایک 'نمائندہ درخواست گذار' بننا چاہتے ہیں اور اس کلاس ایکشن کو چلانے کا ذمہ لینا چاہتے ہیں۔**

اگرآپ کے خیال میں آپ اس کلاس ایکشن کو مجوزہ طور پر ترک کرنے کی مخالفت کرنا چاہتے ہیں تو، آپ کو آزادانہ قانونی رائے لینی چاہیے۔

**3. آپ متعلقہ دستاویزات کی نقول کہا ں سے حاصل کرسکتے ہیں؟**

متعلقہ دستاویزات کی نقول، بشمول دعوے کے بیان کے، اور دفاع کے، یہاں سے حاصل کریں:

الف۔ **انہیں یہاں سے ڈوان لوڈ کرکے** https://www.mauriceblackburn.com.au/class-actions/current-class-actions/unlawful-detention-of-people-seeking-asylum-class-action/;

ب۔ **صبح 9 تا شام 9 بجے تک ان کا معائنہ کرکے** Maurice Blackburn Lawyers, **کے کسی دفتر پر، اگر اس مقام پر وبائی پابندیاں اس کی اجازت دیتی ہوں، رابطے کی تفصیلات یہا ں پر دستیاب ہیں** www.mauriceblackburn.com.au or **یا کال کریں:** **1800 930 956** **پر**

پ۔ **فیڈرل کورٹ کی کسی ڈسٹرکٹ رجسٹری سے رابطہ کرکے (رابطے کی تفصیلات یہا ں پر دستیاب ہیں** www.fedcourt.gov.au**) اور موزوں معائنہ فیس ادا کرکے؛یا**

ت۔ یہاں پر فیڈرل کورٹ کی ویب سائیٹ پر معائنہ کرکے https://www.fedcourt.gov.au/law-and-practice/class-actions/class-actions.

مہربانی کرکے درج بالا معاملات پر احتیاط سے غور کریں۔ اگرکوئی ایسی بات ہے جس کے بارے میں آپ کو یقین نہیں ہے، توآپ کو رابطہ کرنا چاہیے Maurice Blackburn Lawyers سے 1800 930 956 پریا ای میل کریں| asylumseekerclassaction@mauriceblackburn.com.au یا اپنے طور پر قانونی رائےلیں۔ آپ کو اپنا فیصلہ کرنے میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔